بسم اللہ الرحمن الرحیم

FEDERAL SHARIAT COURT OF PAKISTAN

# Federal Shariat Court

Islamabad 10.02.2023

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن
سینئر ریسرچ ایڈوائزر،
فون نمبر 051-9203443

## پریس ریلیز

**وفاقی شرعی عدالت میں مسجد کا افتتاح**

اسلام آباد، پاکستان ــ وفاقی شرعی عدالت کے معزز چیف جسٹس جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور نے آج وفاقی شرعی عدالت کے احاطے میں جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ، جج، وفاقی شرعی عدالت کے ہمراہ مسجد کا افتتاح کیا اور نمازِ جمعہ کی ادائیگی کی گئی۔ نمازِ جمعہ کا خطبہ اور نماز سینئر ریسرچ ایڈوائزر وفاقی شرعی عدالت جناب ڈاکٹر مطیع الرحمٰن نے پڑھائی۔

افتتاحی تقریب میں وفاقی شرعی عدالت اور دیگر حکومتی اداروں کے ملازمین نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ نور مسجد کو وفاقی شرعی عدالت کے سابق چیف جسٹس جناب محمد نور مسکان زئی شہید کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ جناب محمد نور مسکان زئی شہید فرزندِ خاران، فخر بلوچستان اور ستارہ پاکستان تھے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ مسجد ہذا کی تعمیر کے تمام تر اخراجات وفاقی شرعی عدالت کے معزز جج صاحبان، رجسٹرار اور دیگر ملازمین نے اپنی مدد آپ کے تحت کئے اور سرکاری خزانے پر کوئی بوجھ نہیں ڈالا گیا۔ مسجد، روایتی اسلامی فن تعمیر کو جدید طرز کے ساتھ ملا کر ڈیزائن کی گئی ہے۔

وفاقی شرعی عدالت معاشرے کے تمام افراد کے لیے ایک خوش آئند اور جامع ماحول پیدا کرنے کے لیے پر عزم ہے اور اس مسجد کا افتتاح اس عزم کی طرف ایک قدم ہے۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن)
سینئر ریسرچ ایڈوائزر